1989ء سے مسلسل اشاعت | 7 تا 13 جنوری 2022 | شمارہ نمبر 2 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY

## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR

## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne

## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET

## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE

## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE

## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS · Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے



**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com



**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: بمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# فیڈریشن کے حتمی نتائج کے اعلان میں 18 جنوری تک تاخیر

## لاہور ہائی کورٹ نے اپیما کے نمائندوں کو چیلنج کرنے کی درخواست پر نتائج کے اعلان سے روک رکھا ہے

کراچی (خصوصی رپورٹ) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جناب جسٹس محمد امیر بھٹی نے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز (ڈی جی ٹی او) کے حکم نمبر 2021/105 مورخہ 3 دسمبر 2021 کے فیصلے کے خلاف آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے فیڈ ریشن کے انتخابات 2022 کے لئے نامزد رکن برائے مینیجنگ کمیٹی محمد اسلم جیلانی اور برائے جنرل باڈی باؤ محمد بشیر کی دائر پٹیشن پر جو فیصلہ دیا تھا اس کے تحت آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے نامزد اراکین نے فیڈریشن کے انتخابات 2022 میں ووٹ کا توحق استعمال کرلیا لیکن یہ مقدمہ فیڈ ریشن کے تمام عہدیداروں کے سرکاری نتائج کی راہ میں رکاوٹ بن گیا۔ ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد بی ایم پی نے واضح اکثریت حاصل کرلی۔ تاہم دو ووٹوں متنازعہ ہونے کے باعث اس کا حتمی اعلان نہ ہونے کے باعث اس کے عہدیدار چارج نہ سنبھال سکے اور جنرل باڈی اجلاس کے انعقاد کے باوجود سابقہ عہدیدار ہی برقرار ہیں۔ اس کیس کی آئندہ سماعت 18 جنوری کو ہوگی، اگر اس سے قبل فیڈریشن کی لیگل ٹیم عدالتی فیصلے میں ترامیم کرانے میں کامیاب ہوگئی تو نتائج کا اعلان ہوگا بصورت دیگر فیڈ ریشن کے نومنتخب عہدیداروں کو 18 جنوری تک انتظار کرنا پڑے گا۔

# منی بجٹ: متعدد اشیاء پر سے سیلز ٹیکس کی چھوٹ ختم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے منی بجٹ پیش کردیا جس میں کمپیوٹر سمیت لگژری اشیاء، بچوں کے دودھ، نیوز پرنٹ، کتابیں، سلائی مشینیں، کپاس کے بیج مہنگے، کئی چیزوں پر 17 فیصد سیلز ٹیکس، 343 ارب میں سے 71 ارب کا ٹیکس استثنیٰ مکمل ختم، مشینری پر 112 ارب، فارماسیوٹیکلز پر 160 ارب کی ٹیکس چھوٹ ختم، ریفنڈ اور ایڈجسٹیبل کا بھی آپشن، ضمنی مالیاتی بل میں ڈیوٹی فری شاپس پر پہلی بار 17 فیصد سیلز ٹیکس کی تجویز، وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ عوام پر صرف 2 ارب کا بوجھ پڑیگا، اسٹیٹ بینک کو انتظامی آزادی دی ہے، پارلیمنٹ کو جوابدہ ہوگا، بورڈ اور گورنر حکومت مقرر کریگی، ہاتھ سے نکلا تو سادہ اکثریت سے خودمختاری ختم کردینگے۔ 30 دسمبر 2021 کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر خزانہ شوکت ترین نے مالیاتی ضمنی بل اور اسٹیٹ بینک ترمیمی بل پیش کردیا، اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ ضمنی مالیاتی بل میں ترامیم پر مکمل بحث کرائی جائے گی اور سب کو بولنے اور تجاویز دینے کا موقع ملے گا۔ ضمنی مالیاتی بل میں تقریباً 150 اشیاء پر سیلز ٹیکس بڑھانے کی تجویز ہے جن سے 343 ارب روپے سے زیادہ اضافی ریونیو حاصل ہوسکے گا، گاڑیاں، دوائیں، ڈبل روٹی، ریسٹورنٹ کا کھانا مہنگا ہوگا، بیکری آئٹمز، موبائل فون، بچوں کے دودھ، ڈبے والی دہی، پنیر، مکھن، کریم، دیسی گھی، مٹھائی اور مسالا جات کی قیمتیں بھی بڑھ جائیں گی، اس کے علاوہ درآمدی نیوز پرنٹ، اخبارات، جرائد، کاسمیٹکس، کتابیں، سلائی مشین، امپورٹڈ زندہ جانور اور مرغی پر مزید ٹیکس لگے گا۔ کپاس کے بیج، پولٹری سے متعلق مشینری، سونا، چاندی اور کمپیوٹرز بھی مہنگے ہوجائیں گے، موبائل فونز پر ٹیکس 10 سے بڑھا کر 15 فیصد کرکے 7 ارب روپے اضافی حاصل کیے جائیں گے۔ الیکٹرک کاروں پر ٹیکس 5 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کیا جائے گا، تندور پر تیار ہونے والے نان، روٹی اور شیر مال، مقامی طور پر فروخت ہونے والے چاول، گندم اور آٹے پر بھی کوئی ٹیکس نہیں ہوگا۔ موبائل فون کمپنیوں کی سروسز پر ایڈوانس ٹیکس 10 فیصد سے 15 فیصد کرنے کی تجویز ہے، ڈیوٹی فری شاپس پر پہلی بار 17 فیصد سیلز ٹیکس لگانے کی تجویز دی گئی ہے۔ پولٹری کے شعبے سے متعلقہ مشینری پر ٹیکس 7 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کرنے جبکہ چاندی اور سونے پر ٹیکس کی شرح 1 سے بڑھا کر 17 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ پیکنگ میں فروخت ہونے والے درآمدی مسالوں پر 17 فیصد سیلز ٹیکس کی تجویز ہے، ملٹی میڈیا ٹیکس بھی 10 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کرنے کی تجویز ہے، بیٹری پر ٹیکس 12 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کرنے کی تجویز ہے، ڈاک کے ذریعے پیکٹ ارسال کرنے پر 17 فیصد سیلز ٹیکس کی تجویز ہے، ادویات کے خام مال پر بھی 17 فیصد جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) لگانے کی تجویز ہے، سیب کے علاوہ درآمدی پھلوں، سبزیوں پر 10 فیصد سیلز ٹیکس کی تجویز ہے، فلور ملز پر بھی 10 فیصد سیلز ٹیکس کی تجویز ہے جس سے آٹا بھی مہنگا ہوسکتا ہے۔


اجلاس کے بعد وزیر خزانہ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ٹیکس دینے والوں پر مزید ٹیکس نہیں لگا رہے، ضمنی مالیاتی بل سے صرف 2 ارب روپے کے ٹیکس لگیں گے، 2 ارب روپے کے اضافی ٹیکس سے کون سا مہنگائی کا طوفان آجائے گا؟ شوکت ترین نے کہا کہ 2 ارب روپے کے اضافی ٹیکس سے صرف چار چیزیں مہنگی ہوں گی، لگژری گاڑیوں پر ٹیکس بڑھانے ہیں اور بڑھا رہے ہیں، آئی ایم ایف نے گاڑیوں پر ٹیکس بڑھانے پر کوئی قدغن نہیں لگائی، اس کے علاوہ غیر ملکی اسٹیک اور مچھلی کھانے والوں پر ٹیکس لگے گا، شوکت ترین نے کہا کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوگا، فارما سیکٹر کو ٹیکس ریفنڈ کریں گے، مشینری پر 112 ارب کی ٹیکس چھوٹ ختم کی ہے، فارماسیوٹیکلز پر 160 ارب کی ٹیکس چھوٹ ختم کی ہے، باقی لگژری اشیاء کی درآمد پر 71 ارب روپے کی ٹیکس چھوٹ ختم کی ہے۔ شوکت ترین نے کہا کہ ضمنی مالیاتی بل کا مقصد ٹیکس لگانا نہیں بلکہ معیشت کو دستاویزی شکل دینا ہے، مالیاتی ضمنی بل سے مہنگائی بڑھنے کی افواہیں پھیلائی گئیں، کھاد پر ٹیکس نہیں لگنے دیا، سنیما کے آلات پر بھی ٹیکس نہیں لگایا گیا، پرانے کپڑوں پر بھی ٹیکس نہیں لگے گا، اشیائے خورونوش مہنگی نہیں ہونگی۔ وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ یہ کہنا غلط ہے کہ اسٹیٹ بینک کی خودمختاری پر سمجھوتہ کیا جارہا ہے کیونکہ اسٹیٹ بینک کی اصل تھارٹی بورڈ کے پاس ہوگی اور اگر اسٹیٹ بینک ہاتھ سے نکلنے کی کوشش کرے گا تو اس کی خودمختاری ختم کردیں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سولہویں عالمی کتب میلے کا کامیاب انعقاد، معروف سیاسی و سماجی شخصیات سمیت ہزاروں افراد کی شرکت، سفارت کاروں کی بھی آمد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صوبائی وزیر تعلیم سندھ سید سردار شاہ نے کراچی ایکسپو سینٹر میں پانچ روزہ سولہواں کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2021ء کا باقاعدہ افتتاح جمعرات 30 دسمبر کی دوپہر کو کیا تھا جس کی افتتاحی تقریب میں سابق وزیر تعلیم سندھ پیر مظہر الحق، ادیب و فنکار انور مقصود اور ادیبہ فاطمہ حسن، ایم کیو ایم کے رہنما حیدر عباس رضوی، ادیبہ شاہدہ حسن، آرٹس کونسل کے صدر احمد، ڈائریکٹر جنرل پرائیوٹ انسٹی ٹیوشن سندھ منصوب حسین صدیقی، ادیب و صحافی محمود شام سمیت مختلف ممالک کے سفارتکاروں، مندوبین، علمی، سماجی، ادبی اور صحافتی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی تھی جبکہ اس موقع پر پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد، کراچی انٹرنیشنل بک فیئر کے کنوینر وقار متین خان، ڈپٹی کنوینر ناصر حسین، ندیم مظہر، ایم۔ اقبال غازیانی، اقبال صالح محمد، ندیم اختر، کامران نورانی، اور سلیم عبدالحسین بھی موجود تھے۔ افتتاح سے قبل صبح 10 بجے سے ہی شہریوں نے بڑی تعداد میں ایکسپو سینٹر پہنچ کر میلے کا ازخود افتتاح کر دیا تھا۔ پہلے دن اسکولوں کی تعطیلات کے باوجود اسکول و کالجز کے طلباء و طالبات سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی، کتب میلہ میں درسی و غیر تدریسی کتب کے 330 سے زائد اسٹالز لگائے گئے تھے، اس کتب میلہ میں ایران، انڈیا، ترکی، سنگاپور، چین، ملائیشیا، برطانیہ اور متحدہ عرب امارات کے پبلیشرز سمیت دیگر ممالک کے بین الاقوامی شہرت یافتہ بک پبلیشرز نے نمائش میں شرکت کی۔ کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2021ء میں آئے ہوئے ادیب، شاعر، سماجی اور سیاسی شخصیات نے اس کتب میلہ کو کراچی شہر کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی نمائش کراچی کے امیج کو بہتر کرنے میں بہت معاون ثابت ہوگا۔ کتب میلے میں طلبہ اور خواتین کی دلچسپی قابلِ دید تھی۔ اس میلہ میں اردو، سندھی، فارسی، پنجابی، گجراتی سمیت ملک بھر میں بولی جانے والی زبانوں کے علاوہ انگریزی اور دیگر زبانوں کی کتابوں اور رسائل میں عوامی دلچسپی دیکھنے میں آئی۔ کتب میلے میں سب سے زیادہ درسی کتب اسٹالوں پر طلبہ و طالبات اور والدین کا رش دیکھنے میں آیا طلبا و طالبات نے ان اسٹالوں میں درسی کتب کے علاوہ غیر تدریسی کتابیں بھی خریدنے میں دلچسپی لی۔ کراچی انٹرنیشنل بک فیئر انتظامیہ نے بچوں کے لیے ہم نصابی سرگرمیوں کا بھی خصوصی اہتمام کیا تھا جس میں بچوں نے پرجوش انداز میں حصہ لیا۔ ایکسپو سینٹر میں اے ٹی ایم موبائل بس کی سہولت بھی موجود تھی تاکہ شہریوں کو رقم کے حوالے سے پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ نمائش کے دوسرے روز صوبائی وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے نمائش کا دورہ کیا اور اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں موبائل اور ٹیبلٹ پر کتب پڑھنے کا شوق بڑھ رہا ہے کتب بینی کا مزا کاغذ کی جلد کتب میں ہے یہ مزا کمپیوٹر یا موبائل پر کتابیں پڑھنے میں نہیں اس لیے طلبہ انٹرنیٹ سے زیادہ کتب کو ترجیح دیں، متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ کراچی کے دشمنوں کے لیے بین الاقوامی کتب میلہ بڑا جواب ہے اس شہر کی خوشحالی سے ملک کے 22 کروڑ عوام کی خوشحالی جڑی ہے۔ سابق صوبائی وزیر صنعت و تجارت عبدالرؤف صدیقی کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی پر مکمل بھروسہ نہ کریں کیونکہ اگر کسی وجہ سے دنیا کا ڈیجیٹل سسٹم بند ہوگیا تو پورا نظام ساکت ہو جائے گا اور ہمیں پھر کتابوں کی طرف لوٹنا پڑے گا، جمعہ 31 دسمبر کو کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری پانچ روزہ کراچی عالمی کتب میلہ 2021 کے دوسرے دن بھی مختلف سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی شخصیات اور مختلف ممالک کے سفارتکاروں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ نمائش کا دورہ کرنے والی اہم شخصیات نے اپنی پسندیدہ کتب



میں گہری دلچسپی ظاہر کی، شہریوں کی بڑی تعداد میں آمد کے باعث ایکسپو سینٹر میں رش رہا، علاوہ ازیں جمعہ 31 دسمبر کو کتب میلہ میں اسکولوں، کالجوں اور مدارس کے ہزاروں طلبہ و طالبات کتب کی خریداری میں مصروف نظر آئے، بچوں کی کتابوں کے اسٹالوں پر رش رہا جبکہ خواتین نے بھی گھریلو مسائل و آئیڈیاز پر مبنی کتب میں دلچسپی لی، انتظامیہ نے ایکسپو سینٹر کے تینوں بالوں کے باہر شہریوں کی رہنمائی کے لیے نمائش میں شرکت کرنیوالے پبلشرز کی فہرست بمعہ اسٹال نمبر آویزاں کر رکھی تھیں، طب سے متعلق کتابوں کے اسٹال پر طلبا کا زیادہ رش دیکھنے میں آیا۔ کتب بینی کا شوق تیسرے روز بھی زندہ، طلبہ سمیت ہزاروں افراد نے بک فیئر کا رخ کیا۔ وفاقی وزیر برائے انفارمیشن و ٹیکنالوجی امین الحق نے دورہ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ درسی کتب کے کاغذ پر ٹیکس کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے، کورونا کے بعد کتب میلے کا انعقاد خوش آئند ہے، کراچی انٹرنیشنل بک فیئر کا اتوار کو چوتھا دن ہے جبکہ نمائش 3 جنوری بروز پیر تک جاری رہی۔ چوتھے روز اتوار کی تعطیل کے باعث شہریوں کا سمندر اُمڈ آیا۔ بے پناہ رش کے باعث تل دھرنے تک کی جگہ نہیں تھی، ایک محتاط اندازے کے مطابق اتوار کے روز لاکھوں شہریوں نے بین الاقوامی کتب میلے کا دورہ کیا۔ سیکرٹری ثقافت و سیاحت سندھ عبدالرحیم سومرو، سیکرٹری سندھ ہائر ایجوکیشن معین صدیقی، ڈائریکٹوریٹ پرائیوٹ انسٹی ٹیوشن سندھ کی رجسٹرار رفعیہ جاوید، مختلف اضلاع کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت سیاسی، ادبی، مذہبی اور سماجی شخصیات کے علاوہ غیر ملکی سفارت کاروں نے بھی کتب میلہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری سیاحت و ثقافت عبدالرحیم سومرو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کتب میلہ جیسی سرگرمیاں نوجوانوں میں شدت پسندی ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ کتب کے قریب آنے سے نوجوانوں میں معاشرتی اقدار سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے صوبائی محکمہ سیاحت و ثقافت کی جانب سے کتب میلہ کی انتظامیہ کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے انتظامیہ کو کراچی کے علاوہ سندھ کے دیگر اضلاع میں کتب میلے کی دعوت دی۔

پروفیسر رفیعہ ملاح نے کہا یہ بات خوش آئند ہے کہ بچوں کی تعداد زیادہ ہے اس کا مطلب ہے بچے موبائل اور ٹیبلیٹ چھوڑ کر کتابوں میں دلچسپی لے رہے ہیں کتب میلہ میں چینی شہریوں نے بھی خصوصی دلچسپی لی۔ شام ہوتے ہی کتب میلہ میں تل دھرنے تک کی جگہ تک نہ تھی، شہریوں اور طلبہ کی بڑی تعداد میں آمد کے باعث ملک کے مختلف شہروں سے آئے پبلشرز اور اسٹالز ہولڈرز کا اسٹاک ختم ہونے کے قریب تھا کہ کتابوں کا نیا اسٹاک منگوالیا۔ علم کے دیپ جلا کر 5 روزہ عالمی کتب میلہ پیر 3 جنوری 2022 کو کراچی ایکسپو سینٹر میں کامیابی کیساتھ اختتام پذیر ہوگیا، آخری روز بھی لاکھوں کی تعداد میں شہریوں نے ایکسپو سینٹر کا رخ کیا، کورونا کے بعد کتب میلہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ایونٹ ثابت ہوا جس میں قومی و صوبائی وزرا، سیاسی، مذہبی، سماجی، تعلیمی و ادبی شخصیات، پاکستان میں مختلف ممالک کے سفارتکاروں، طلبہ و طالبات سمیت لاکھوں افراد نے دورہ کیا اور اپنی پسند کی کتابوں میں دلچسپی لی، آخری روز کتابیں 60 فیصد رعایت پر فروخت کی گئیں، بین الاقوامی کتب میلے میں شریک مہمانوں اور شرکاء سمیت شہریوں نے کتب میلے کے بہترین انتظام پر میلے کی انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اس طرح کے میلے ہر 6 ماہ میں ہونے چاہئیں۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں 30 دسمبر 2021 سے 03 جنوری 2022 تک ہونیوالے کتب میلے میں 330 سے زائد اسٹال لگائے گئے تھے جبکہ عالمی کتب میلے میں 17 ممالک کے تقریباً 40 اداروں نے حصہ لیا، پاکستان بھر سے 136 نامور پبلشرز نے بھی اسٹالز لگائے۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے اہالیان کراچی کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے بڑی تعداد میں آکر اس کتب میلے کو کامیاب کروایا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# FPCCI کے اجلاس عام اور انتخابات کے موقع پر لی گئی تصاویر










فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات 30 دسمبر 2021 کو کراچی میں ہوئے جبکہ 31 دسمبر کو سالانہ اجلاس عام منعقد ہوا، اس موقع پر لی گئی تصاویر میں میاں انجم نثار، محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، خامس سعید بٹ، عابد نثار، باؤ محمد بشیر، نومنتخب صدر عرفان اقبال شیخ، سبکدوش صدر ناصر حیات مگوں، سبکدوش سینئر نائب صدر شاہزیب اکرام ودیگر عہدیداران نمایاں ہیں۔



## محمد سلیم بیکیا، خامس سعید بٹ، محمد انیس، اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کی انجم نثار کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس (بی ایم پی) کے چیئرمین محمد سلیم بیکیا، لاہور پیپر مرچنٹس میں قائم بی ایم جی کے سینئر رہنما خامس سعید بٹ، اپماکے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، فیڈریشن کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن اسلم جیلانی اور جنرل باڈی کے رکن باؤ محمد بشیر ودیگر عہدیداروں نے بزنس مین پینل (بی ایم پی) کی قیادت اور گروپ کے نومنتخب صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ، سینئر نائب صدر ایم سلیمان چاؤلہ اور دیگر تمام بی ایم پی کے کامیاب امیدواروں کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے انتخابات میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ امر باعث مسرت ہے کہ انجم نثار کی قیادت میں بی ایم پی نے ایک بار پھر شاندار فتح حاصل کی جو کہ مسلسل تیسری جیت ہے اور ایف پی سی سی آئی کے انتخابات میں تقریباً تمام اہم نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔انہوں نے کہا کہ یہ بات بھی پوری تاجر وصنعتکار برادری کے لیے باعث اطمینان ہے کہ بزنس مین پینل جو ایف پی سی سی آئی پر برسراقتدار ہے اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن تاجر برادری کو درپیش متعدد معاشی ودیگر مسائل سے نمٹنے کے لیے ایک ہی نقطہ نظر رکھتے ہیں جو نہ صرف تاجر برادری بلکہ معیشت کے لیے بھی سہل اور سازگار ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ میاں انجم نثار کی قیادت میں بی ایم پی کئی سالوں سے سخت جدوجہد کررہی ہے اور یہ مسلسل تیسرا سال ہے جب وہ اپنے مخالفین کو زیر کرنے میں کامیاب ہوئے۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan

Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

**Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM**

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ایف پی سی سی آئی انتخابات: بزنس مین پینل کی واضح برتری

## صدر، سینئر نائب صدر سمیت، گیارہ میں سے سات نائب صدور بھی شامل

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخاب میں طارق سعید کے بنائے گئے بزنس مین پینل نے واضح برتری حاصل کرلی ہے، برسر اقتدار گروپ بزنس مین پینل نے مجموعی طور پر صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کی 7 نشستوں پر کامیابی حاصل کی اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے 4 نائب صدور کامیاب ہوئے۔ بزنس مین پینل عرفان اقبال شیخ بھاری اکثریت سے صدر منتخب قرار پائے ہیں، عرفان اقبال شیخ نے 187 ووٹ حاصل کئے جبکہ ان کے مخالف امیدوار نعمان بٹ نے 159 ووٹ حاصل کئے سینئر نائب صدر پر بھی بی ایم پی کے سلمان چاولہ منتخب ہو گئے ہیں انھوں نے 199 ووٹ حاصل کئے جبکہ ان کے مخالف یو بی جی کے حنیف گوہر نے 149 ووٹ حاصل کئے۔ نائب صدور کی 11 نشستوں میں سے سندھ چیمبرز کے کوٹے پر یو بی جی کے امیدوار محسن مقبول شیخ اور اسمال چیمبر کے کوٹے پر بی ایم پی کے امیدوار حاجی یعقوب بلا مقابلہ کامیاب قرار دیئے جا چکے ہیں۔ بقیہ 9 نائب صدور کیلئے ہونے والے انتخاب میں نائب صدر (فاٹا، فیڈرل ایریا) سے بزنس مین پینل کے امین اللہ بیگ 5 ووٹ حاصل کر کے کامیاب ہو گئے۔ یو بی جی کے ملک سہیل حسین صرف 3 ووٹ حاصل کر پائے۔ نائب صدر چیمبر (کے پی کے) کی نشست بزنس مین پینل کے عمر مسعود الرحمان نے جیت لی۔ نائب صدر چیمبر پنجاب سے یو بی جی کے قاضی اکبر 23 ووٹ حاصل کر کے کامیاب ہو گئے جبکہ ویمن چیمبر سے یو بی جی کی امیدوار رخسانہ نادر 9 ووٹ لے کر نائب صدر منتخب ہوگئیں۔ نائب صدر بلوچستان کیلئے یو بی جی کے امیدوار جمال الدین اچکزئی 6 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔ ایسوسی ایشنز کی نائب صدور کی 4 نشستوں پر بزنس مین پینل کے چاروں امیدوار شبیر منشا چھرا 150 ووٹ، ندیم قریشی 144 ووٹ، انجینئر ایم اے جبار 138 اور شوکت علی عمرسن 119 ووٹ لیکر کامیاب ہو گئے اور ایسوسی ایشن کلاس میں یو بی جی کے چاروں امیدواروں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

# یو بی جی کی قیادت آئندہ بھی جمہوری روایات کو زندہ رکھے گی، ایس ایم منیر، افتخار ملک

## تمام حامی ووٹرز کے مشکور ہیں، بزنس کمیونٹی کی خدمت جاری رکھیں گے، زبیر طفیل، ظفر بختاوری، گلزار فیروز

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی میں یونائیٹڈ بزنس گروپ کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر، چیئرمین افتخار علی ملک، صدر زبیر طفیل، سیکریٹری جنرل ظفر بختاوری اور مرکزی ترجمان گلزار فیروز نے افیڈریشن چیمبر آف کامرس میں ہونے والے الیکشن میں یو بی جی کے امیدواروں کو ووٹ کاسٹ کرنے پر اپنے حامی ووٹرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ یو بی جی کی قیادت آئندہ بھی جمہوری روایات کو زندہ رکھے گی اور اپوزیشن میں رہتے ہوئے پاکستان کی بزنس کمیونٹی کی خدمت جاری رکھیں گے۔ یو بی جی قیادت نے ایف پی سی سی آئی الیکشن میں کامیاب تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملکی معیشت شدید مشکلات سے دوچار ہے، منی بجٹ نے کاروباری برادری کیلئے حالات مزید سنگین بنادیئے ہیں، دوسال کے دوران بزنس کمیونٹی کے مسائل ایف پی سی سی آئی کی سطح سے نہ تو اجاگر کئے جاسکے اور نہ ہی حل کرائے گئے لیکن اب نئے عہدیداران کو ایف پی سی سی آئی کو سنگین معاشی حالات میں خصوصی توجہ دینا ہوگی اور دوسال کے دوران ایف پی سی سی آئی کی ساکھ کو جو نقصان پہنچا ہے اسے بہتر بنانا ہوگا تمام مثبت کاموں میں یونائیٹڈ بزنس گروپ نئے عہدیداران کے ساتھ تعاون کرے گا۔ ایس ایم منیر نے یو بی جی کے حامی تمام ووٹرز اور کارکنوں کا دلی طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یو بی جی کارکنان سال 2022 میں نئے عزم اور جذبے کے ساتھ کاروباری برادری کی خدمت کا سلسلہ جاری اور ان سے مسلسل روابط برقرار رکھیں ہیں۔

# پاکستان اور افغانستان کے مابین دہرے ٹیکس معاہدے پر مذاکرات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) افغانستان ریونیو ڈپارٹمنٹ اور ایف بی آر نے پاک، افغانستان دہرے ٹیکس معاہدے پر مذاکرات کا دوسرا دور مکمل کرلیا، اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ غیر حل شدہ مسائل پر بات چیت تیسرے دور میں کی جائے گی جو کابل افغانستان میں باہمی طور پر متفقہ تاریخوں پر منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس کی صدارت ایف بی آر کے ڈائریکٹر جنرل (انٹرنیشنل ٹیکسز) قیصر اقبال نے کی جنہوں نے مندوبین کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ مجوزہ دہرا ٹیکس معاہدہ دونوں برادر ممالک کے مابین اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ دونوں وفود نے اسلام آباد میں 28 سے 30 مارچ 2016 تک ہونے والے مذاکرات کے پہلے دور کے تمام تصفیہ طلب امور پر تبادلہ خیال کیا۔ فریقین نے ایک دوسرے کے موقف کو سراہا۔ افغان وفد کی قیادت عصمت اللہ سلیمی، ریونیو آڈٹ ڈائریکٹر اے آر ڈی کر رہے تھے اور افغان وفد میں عبدالولی نوری ٹیکنیکل ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل اے آر ڈی، ندا محمد صدیقی، لیگل سروسز ڈائریکٹر اے آر ڈی اور نجیب اللہ احمدزئی، مشیر برائے وزارت خزانہ بھی شامل تھے۔ پاکستانی وفد کی قیادت ایف بی آر کے ڈائریکٹر جنرل (انٹرنیشنل ٹیکسز) قیصر اقبال کررہے تھے جبکہ اس میں بیرسٹر نوشیروان خان، چیف (انٹرنیشنل ٹیکسز) اور حرا نذیر، سیکریٹری (ٹیکس ٹریٹیز اینڈ کنونشنز) ایف بی آر بھی شامل تھے۔

### نادرا مراکز میں پوائنٹ آف سیلز ٹرمینل لگانے کیلئے نجی بینک کیساتھ معاہدہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے ملک بھر میں اپنے مراکز پر کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈز کے ذریعے ادائیگی کیلئے پوائنٹ آف سیلز ٹرمینل لگانے کی ذمہ داری حبیب بینک لمیٹڈ کو سونپ دی، حکومت پاکستان اور سٹیٹ بینک کی ہدایات پر نادرا ملک بھر میں اپنے مراکز پر پی او ایس ٹرمینل لگا رہا ہے، چیئرمین نادرا طارق ملک اور ایچ بی ایل کے صدر وسی ای او محمد اورنگزیب نے معاہدے پر دستخط کئے، اس موقع پر چیئرمین نادرا نے کہا کہ نادرا سنٹرز پر پی او ایس ٹرمینلز کی تنصیب سے ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز کے ذریعے ادائیگی ممکن ہوجائیگی، معاہدہ کے تحت ایچ بی ایل ملک بھر میں تمام نادرا مراکز پر پی او ایس ٹرمینل لگائیگا، بشروع میں یہ سروس 318 نادرا سنٹرز کے 1500 کاؤنٹرز پر فراہم کی جائے گی اور بعد ازاں یہ مزید 412 مراکز پر بھی دستیاب ہوگی۔


**توجہ فرمائیں......!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی آفسیٹ اور ڈپلیکس بورڈ، آرٹ پیپر میٹ، ریل کٹ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، اسٹیکر میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی مندی کا رجحان دیکھا گیا اور 5 جنوری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ پیپر میٹ چائنا میں 3 روپے فی کلو، درآمدی آفسیٹ ریل کٹ میں 5 روپے فی کلو، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار میں 4 تا 7 روپے فی کلو، مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ میں 2 روپے فی کلو اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز میں 10 تا 40 روپے فی پیکٹ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک اور لیبل ٹیک میں 25 تا 50 روپے فی پیکٹ کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔115 اور 128 گرام، 280 روپے سے بڑھ کر 283 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 104 روپے سے بڑھ کر 106 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 245 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 123 روپے سے بڑھ کر 130 روپے، تمام سائز 53 گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 132 روپے، تمام سائز 60 گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 132 روپے، تمام سائز 63 گرام، 133 روپے سے بڑھ کر 138 روپے، تمام سائز 68 گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی F4B۔70 گرام، 685 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 710 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 710 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1280 روپے سے بڑھ کر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کلر سنار اسپیکٹرا 80 گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 710 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 810 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 80 گرام، A4 سائز 660 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 80 گرام، A3 سائز 1250 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2725 روپے سے کم ہو کر 2675 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2750 روپے سے کم ہو کر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ایک سال میں ڈالر 40.18 اور برطانوی پاؤنڈ 50.20 روپے مہنگا ہوا

کراچی (بزنس ڈیسک) ایک سال میں ڈالر کی قیمت میں 18.40 روپے اور برطانوی پاؤنڈ کی قیمت میں 20.50 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تفصیلات کے مطابق 31 دسمبر 2020 کو انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت 160.05 روپے تھی جو کہ 31 دسمبر 2021 کو 16.55 روپے کے اضافے سے بڑھ کر 176.60 روپے تک پہنچ گئی۔ اوپن مارکیٹ میں ایک سال پہلے 31 دسمبر 2020 کو ڈالر کی قیمت 160.10 روپے تھی جو کہ 31 دسمبر 2021 کو بڑھ کر 178.50 روپے ہوگئی اس طرح اوپن مارکیٹ میں ڈالر 18.40 روپے مہنگا ہوا، یورو کی قیمت ایک سال میں صرف 3.50 روپے بڑھی جو کہ 31 دسمبر 2020 کو 195.50 روپے تھی اور 31 دسمبر 2021 کو بڑھ کر 199.00 روپے ہوگئی جبکہ برطانوی پاؤنڈ کی قیمت ایک سال پہلے 217.50 روپے تھی اور 31 دسمبر 2021 کو 20.50 روپے کے اضافے سے بڑھ کر 238.00 روپے ہوگئی ہے۔

## دسمبر میں ملکی درآمدات میں ایک ارب ڈالر کی کمی ریکارڈ

کراچی (بزنس ڈیسک) معاشی ماہرین کے اندازوں کے برعکس دسمبر 2021ء میں ملکی درآمدات میں 1 ارب ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ذرائع کے مطابق دسمبر 2021ء کے دوران درآمدات کی مالیت نومبر 2021ء میں 7.9 ارب ڈالر کے مقابلے میں گھٹ کر 6.9 ارب ڈالر رہیں جب کہ دسمبر 2021ء کے لیے درآمدی تخمینہ 6.2 ارب ڈالر تھا۔ پاکستانی مصنوعات کی برآمدات دسمبر 2020ء میں 2.366 ڈالر کے مقابلے میں 16.7 فیصد اضافے سے 2.761 ارب ڈالر رہیں۔ دسمبر 2021ء کے لیے برآمدی ہدف 2.8 ارب ڈالر جبکہ تجارتی خسارہ 4.2 ارب ڈالر تھا۔ جولائی تا دسمبر 2021ء کے دوران ملکی برآمدات 25 فیصد بڑھ کر 15.1 ارب ڈالر ہوگئیں جو کہ جولائی تا دسمبر 2020ء کے دوران 12.1 ارب ڈالر تھیں۔ مالی سال 22 کی پہلی ششماہی جولائی تا دسمبر 2021ء کے لیے برآمدی ہدف 15 ارب ڈالر تھا۔ مالی سال 22 کی پہلی ششماہی میں تجارتی خسارہ 100 فیصد بڑھ گیا۔ مالی سال 22 کی پہلی ششماہی میں تجارتی خسارہ 24.79 ارب ڈالر تھا جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 12.36 ارب ڈالر تھا۔ جولائی تا دسمبر کے دوران درآمدات 63 فیصد اضافے سے 39.91 ارب ڈالر کے مقابلے میں 24.47 ارب ڈالر رہیں۔ دسمبر 2021ء میں تجارتی خسارہ 55 فیصد بڑھ کر 4.14 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اکتوبر۔دسمبر 2021: انڈیگو آفسیٹ میں 35 روپے کلو اور آئی کے میں 10 روپے کلو اضافہ ریکارڈ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021 کی پہلی اور دوسری سہ ماہی آئی کے آفسیٹ پیپر انڈونیشیا کے درآمد کنندگان کے لئے قیمتوں کے لحاظ سے نہایت شاندار رہی تھی۔ ہفت روزہ ’’پیپر بزنس‘‘ میں مقامی ہوسل سیل مارکیٹ کے 2 جولائی تا 24 ستمبر کی تیسری سہ ماہی کے درمیان شائع ہونے والی قیمتوں کے تقابلی جائزے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس سہ ماہی میں پہلی اور دوسری کے مقابلے میں نصف سے بھی کم اضافہ ہوا تھا اور اب آخری سہ ماہی میں انڈیگو آفسیٹ پیپر میں 25 تا 35 روپے فی کلو اضافہ ہوا، 60 گرام کی قیمت 220 روپے سے بڑھ کر 245 اور 80،70 گرام کی قیمت 35 روپے اضافے کے بعد 255 روپے فی کلو ہوگئی۔ آئی کے آفسیٹ میں بھی اس سہ ماہی میں اضافہ جاری رہا، ریل کٹ میں 17 روپے جبکہ شیٹس میں 10 روپے فی کلو اضافہ دیکھنے میں آیا۔ آفسیٹ پیپر پلس بھی 18 روپے فی کلو اضافے کے ساتھ نمایاں رہا۔ کن ماری جاپان میں 22 روپے اور آسٹریلیا میں 25 روپے کلو اضافہ دیکھنے میں آیا۔

Prices Trend in Oct - Dec 2021 (Per Kg Rates)

## Imported **OFFSET PAPER Indonesia, Australia and Japan**

| IK 035 INDONESIA | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 70 | 240 | 245 | 248 | 250 | 250 | 255 | 252 | 254 | 253 | 245 | 245 | 250 | 250 | ( + 10 ) |
| All Size | 75 | 240 | 245 | 248 | 250 | 250 | 255 | 252 | 254 | 253 | 245 | 245 | 250 | 250 | ( + 10 ) |
| All Size | 80 | 240 | 245 | 248 | 250 | 250 | 255 | 252 | 254 | 253 | 245 | 245 | 250 | 250 | ( + 10 ) |
| All Size | 90 | 240 | 245 | 248 | 250 | 250 | 255 | 252 | 254 | 253 | 245 | 245 | 250 | 250 | ( + 10 ) |
| All Size | 100 | 240 | 245 | 248 | 250 | 250 | 255 | 252 | 254 | 253 | 245 | 245 | 250 | 250 | ( + 10 ) |

| IK 035 / REEL CUT | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 70 | 225 | 235 | 240 | 242 | 245 | 250 | 245 | 247 | 246 | 242 | 242 | 242 | 242 | ( + 17 ) |
| All Size | 75 | 225 | 235 | 240 | 242 | 245 | 250 | 245 | 247 | 246 | 242 | 242 | 242 | 242 | ( + 17 ) |
| All Size | 80 | 225 | 235 | 240 | 242 | 245 | 250 | 245 | 247 | 246 | 242 | 242 | 242 | 242 | ( + 17 ) |

| Offset Paper Plus | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 70 | 217 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | ( + 18 ) |
| All Size | 80 | 217 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | 235 | ( + 18 ) |

| Offset Indigo | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| All Size | 60 | 220 | 220 | 220 | 235 | 245 | 245 | 245 | 245 | 245 | 245 | 245 | 245 | 245 | ( + 25 ) |
| All Size | 70 | 220 | 220 | 220 | 235 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | ( + 35 ) |
| All Size | 80 | 220 | 220 | 220 | 235 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | 255 | ( + 35 ) |

| Offset Japan Kinmari | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 23x36 | 70 | 228 | 228 | 228 | 228 | 240 | 240 | 240 | 240 | 250 | 250 | 250 | 250 | 250 | ( + 22 ) |

| Offset Australia | | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Oct | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 20x30 | 70-80 | 230 | 230 | 230 | 230 | 250 | 250 | 250 | 250 | 250 | 255 | 255 | 255 | 255 | ( + 25 ) |
| 23x36 | 70-80 | 230 | 230 | 230 | 230 | 250 | 250 | 250 | 250 | 250 | 255 | 255 | 255 | 255 | ( + 25 ) |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## سیکورٹی پیپر لمیٹڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:28

کرافٹ پیپر، تعداد:43 ٹن

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:19 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: سینئر جنرل منیجر، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون:021-99248536-7

## یونیورسٹی آف چکوال کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:04/2021

پیپر ڈبل اے،A4 سائز،80 گرام، تعداد:500 ریم

پیپر ڈبل اے، لیگل سائز،80 گرام، تعداد:200 ریم

دیگر اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: ٹریژرار، تلا گنگ روڈ، چکوال۔

فون:0543-602003

## پی جی ایم انسٹیٹیوٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز سیل، 6 بڑ ووڈ روڈ، جیل روڈ، لاہور۔

فون:042-99200474

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:UE/17

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:13 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن،

کالج روڈ، ٹاؤن شپ، لاہور۔

فون:042-99262230

## یونیورسٹی آف سرگودھا کو پرنٹنگ خدمات درکار

لفافوں اور لیٹر پیڈ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز آفس، سرگودھا۔

فون:048-9230110-9230811

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:67/ اسٹور

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، ساہیوال۔

فون:040-4272159

## پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:12 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر،

پونچھ ہاؤس،38۔ ملتان روڈ، لاہور۔

فون:042-99210953-99210956

## ایف بی آر کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی،

ریجنل ٹیکس آفس، فیصل آباد۔

فون:041-9210404

# ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن کی تجاویز پر عملدرآمد سے ڈالر 5 روپے گرسکتا ہے

